کی تکمیل کی جس پر آپ صد مبارکباد کے مستحق ہیں۔ کتاب کی ثقاہت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ ملک کے نامور مشائخ عظام علماء کرام فضلاء اور دانشور حضرات نے اس پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اپنی قیمتی تقاریظ و آراء سے اس پر مہر تصدیق ثبت کر دی ہے۔ ادارہ کو توقع ہے کہ مولانا موصوف اسی طرح دیگر علمی شہپارے اور تحقیقی جواہر ریزے علمی میدان میں شائقین کے لئے وقتاً فوقتاً پیش کرتے رہیں گے۔ اور جو غیر مطبوعہ مسودات ہیں ان کی بھی جلد از جلد طباعت کی طرف توجہ دیں گے۔ معنوی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ کتاب ظاہری طور پر بھی انتہائی جاذب نظر اور دیدہ زیب ہے امید ہے تشنگان علم عروض وقوافی اس کی قدر افزائی کریں گے اور مؤلف کی کاوش کو دادِ تحسین دیں گے۔ دینی مدارس کے تمام کتب خانوں اور لائبریریوں میں اس کتاب کا موجود ہونا از حد ضروری ہے۔

کتاب: الغادقہ مؤلف: مولانا الطاف الرحمٰن صاحب ضخامت: ۱۸۰ صفحات
قیمت: ۲۰۰ روپے ملنے کا پتہ: جامعہ امینیہ شورکوٹ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان

قرآن وحدیث اور دیگر علوم وفنون کو سمجھنے کے لئے عربی نحو کا سیکھنا از حد ضروری ہے جیسا کہ تمام زبانوں میں مہارت حاصل کرنے کے لئے اس زبان کے متعلق گرائمر سے واقفیت ہونی چاہیے۔ عربی گرائمر اور صرف ونحو اپنی وسعت اور جامعیت کے لحاظ سے منفرد حیثیت کی حامل ہے۔ باوجود مغلق ہونے کے اس کی دلچسپی اور جاذبیت حیران کن ہے۔ اس علم کے ماہرین نے قدیماً وحدیثاً اس میں ضخیم اور مختصر کتابیں تصنیف وتالیف فرمائی ہیں۔ اور یہ سلسلہ روز بروز بڑھتا جا رہا ہے، ہر مصنف کی یہ کوشش ہے کہ آسان سے آسان ترین اور سہل انداز میں اس کے قواعد وضوابط اور اصول ضبطِ تحریر میں لائے، تاکہ اس کے سیکھنے اور حفظ کرنے میں آسانی ہو اسی سلسلہ کی ایک مفید کڑی زیر تبصرہ کتاب الغادقہ ہے۔ جس میں مؤلف نے علم نحو کے تمام ضروری قواعد اور اہم جزئیات سے بحث کی ہے۔ اور تقریباً تمام بڑ اور ضخیم کتابوں کا خلاصہ اور نچوڑ اس کتاب میں دیا ہے۔ اور اس کے ساتھ مثالوں اور تمرینات سے ہر قاعدہ اور ہر مسئلہ کی وضاحت کی ہے۔ بحمد للہ مؤلف اپنی کوشش میں کافی حد تک کامیاب نظر آتے ہیں۔ یہ کتاب طلبہ اور مدرسین واساتذ کے لئے یکساں مفید ہے۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے نصاب کے مطابق علم نحو کی جو کتابیں درجہ ثانیہ ثالثہ ا رابعہ میں پڑھائی جاتی ہیں ان کتابوں کے ساتھ زیر تبصرہ کتاب کا مطالعہ لازمی ہے۔

خط و کتابت کرتے وقت اپنے خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے۔